QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 287

نویں اور دسویں محرم الحرام میں بجلی فراہمی کے لئے اقدامات، ایمرجنسی کنٹرول سینٹر قائم، امام بارگاہوں اور جلوس کے راستوں سے منسلک 11kv فیڈرز لوڈشیڈنگ سے مستثنیٰ قرار

کوئٹہ: 23 جون 2026ء۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) نے محرم الحرام کے ایام میں بجلی کی باقاعدہ اور مسلسل فراہمی کے لئے پاور ڈسٹری بیوشن سینٹر (پی ڈی سی) کیسکو میں کنٹرول روم قائم کر دیا گیا ہے جو چیف انجینئر کی نگرانی میں ایکسئن، ایس ڈی او اور لائن اسٹاف پر مشتمل عملہ 24 گھنٹے 3 شفٹوں میں نویں اور دسویں محرم الحرام کے دوران بجلی کی مسلسل فراہمی کو مانیٹر کرنے اور بجلی کی صورتحال سے متعلق بھی کیسکو چیف کو آگاہ کرتا رہے گا۔ نویں اور دسویں محرم الحرام میں کیسکو کے آپریشن سرکلز اور ڈویژن کی سطح پر بھی کنٹرول روم قائم کر دیا گیا ہے جس میں سپرنٹنڈنگ انجینئرز، ایکسئنز اور ایس ڈی اوز آپریشنل عملہ کے علاوہ گرڈ سسٹم آپریشن (جی ایس او) کے افسران اور عملہ بھی نویں اور دسویں محرم الحرام کے دوران گرڈ اسٹیشنز میں اپنی موجودگی کو یقینی بنائیں گے۔ کیسکو ایمرجنسی کنٹرول سینٹر صوبائی حکومت کے زیر انتظام ایمرجنسی کنٹرول روم اور ضلعی انتظامیہ سے بھی رابطے میں رہے گا۔ کنٹرول سینٹر امام بارگاہوں سے منسلک فیڈروں اور محرم الحرام کے جلوس والے راستوں میں بجلی منقطع ہونے کی صورت میں یا صارفین کی جانب سے شکایت موصول ہونے پر بجلی کی دوبارہ بحالی کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کرے گا۔ اسکے علاوہ کسی بھی علاقہ میں تکنیکی خرابی کو دور کرنے اور بجلی کی دوبارہ بحالی کیلئے کیسکو ٹیم اور متعلقہ فیڈروں کے سب ڈویژنل افسران (SDO) اپنے عملہ کے ساتھ دفاتر میں موجود رہیں گے تاکہ بجلی سے متعلق کسی بھی ایمرجنسی سے بروقت نمٹا جا سکے۔

نویں اور دسویں محرم الحرام میں امام بارگاہوں اور جلوس کے راستوں سے منسلک 11kv فیڈرز کو لوڈشیڈنگ سے مستثنیٰ قرار دے دیا گیا ہے جن میں 11Kv مری آباد، سید آباد، طوغی روڈ، لیاقت بازار ایکسپریس، گلستان روڈ، حالی روڈ، کاسی ون، کاسی ٹو اور سٹی، ویسٹرن بائی پاس، ہزارہ ٹاون، انڈسٹریل، کرانی، غازی، خیر بخش مری، نیوجان محمد، اولڈ لیاقت بازار، منی مارکیٹ، سٹیلائٹ ٹاون، اے ون سٹی، سرکی روڈ، جبل نور، دوستین، سورج گنج بازار، نواں کلی، شہباز ٹاون، بروری روڈ، جناح ٹاون، پی اے ایف سٹی فیڈرز شامل ہیں جن پر نویں اور دسویں محرم تک بجلی کی لوڈشیڈنگ نہیں کی جائے گی۔ اسی طرح کوئٹہ شہر سے باہر صوبہ کے دیگر اضلاع میں بھی مجالس اور عزاداری کے دوران 11Kv ژوب سٹی، لورالائی کینٹ، ڈیرمراد جمالی سٹی، صحبت پور سٹی، گنداخہ فضل فقیر، بھاگ سٹی، مچ سٹی، سبی سالم شاہ، ڈھاڈر ایکسپریس، خضدار سول کالونی، ڈسٹرکٹ ڈی کی لورالائی فیڈروں کو بھی شام 7 بجے سے صبح 5 بجے تک بلاتعطل بجلی کی فراہمی جاری رہے گی۔ صارفین بجلی بندش سے متعلق انفرادی شکایات کیلئے 24 گھنٹے براہ راست کیسکو ہیلپ لائن 118 کے علاوہ 0819201445 پر بھی کال کر کے اپنی شکایات درج کروا سکتے ہیں۔